سوال

عورت حیض میں جو کپڑا استعمال کرتی ہے وہ دھو کر پھنکنا چاہے

جواب

حیض کے کپڑوں کو دھوئے بغیر پھینکنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ عورت حیض میں جو کپڑا استعمال کرتی ہے کیا اسے دھو کر پھینکنا چاہیئے یا کسی رنگ دار شاپر میں ڈال کر بغیر دھونے کے بھی پھینک سکتی ہیں، کیا اس طرح پھینکنے سے کوئی گناہ تو نہیں ہے۔ کسی نے ہمیں کہا ہے کہ یہ بہت گناہ کا کام ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ ایک بالکل فضول، جہالت پر مبنی اور لغوبات ہے، جس کا شریعت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ جب آپ نے اسے پھینکنا ہی ہے تو دھونے کی کیا ضرورت ہے۔ ہاں البتہ اگر اس کو دوبارہ استعمال کرنا ہو تو دھو کر دوبارہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث